## نحو

نحو کا موضوع جملہ ہے۔قواعد/گرامر کا وہ حصہ نحو کہلاتا ہے جس میں مرکب جملوں اور عبارتوں سے بحث کی جاتی ہے۔گویا نحوی اصولوں میں جملہ اور اس کی بدلتی ہوئی صورتِ حال ہی موضوعِ بحث ہوتی ہے۔

## تذکیر و تانیث

اردو زبان میں تذکیر و تانیث کی دو قسمیں ہیں:

(۱) جان دار یا حقیقی اشیا کی تذکیر و تانیث (۲) بے جان یا غیر حقیقی اشیا کی تذکیر و تانیث

### تذکیر و تانیث حقیقی کی چند مثالیں

| مذکّر | مؤنّث | مذکّر | مؤنّث | مذکّر | مؤنّث | مذکّر | مؤنّث |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باپ | ماں | بیٹا | بیٹی | بھانجا | بھانجی | بھتیجا | بھتیجی |
| پوتا | پوتی | خالو | خالہ | دُلھا | دلھن | داماد | بہو |
| رنڈوا | رانڈ | لڑکا | لڑکی | مرد | عورت | میاں | بیوی |
| ماموں | ممانی | نواسا | نواسی | بندہ | بندی | سیّد | سیّدانی |

### تذکیر و تانیث غیر حقیقی کی چند مثالیں

**مذکّر الفاظ**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| احسان | اخبار | ترس | پھول | ٹکٹ | ٹھیلا |
| چاند | درخت | درد | دل | دن | دہی |
| سکون | ستارا | عوام | قالین | قلم | قیام |
| لغت | لالچ | لفظ | ماجرا | مکان | وقت |
| تھوک | قبض | مرہم | مزاج | جھاگ | موم |
| انتظار | گِدھ | کھیل | چلن | ریشم | دہی |
| دُشنام | جہنّم | طوطی | فرش | شطرنج | مرض |